SET-4

Series #CDBA/S

Q.P. Code **5B/S**

رول نمبر
Roll No.

امیدوار .Q.P کوڈ کو جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔
Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **11** ہے۔
- آپ جانچ لیجیے کہ سوال نامے میں چھپے سوالات کی تعداد **12** ہے۔
- سوال نامہ کے داہنی طرف چھپا .Q.P کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر جوابی کاپی میں ضرور لکھیں۔**
- سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامے کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

# اُردو (کورس B)

# URDU (Course B)

مقررہ وقت: ۳ گھنٹے | کل نمبر: ۸۰

*Time allowed : **3** hours* | *Maximum Marks : **80***

**عام ہدایات :**

(i) اس سوالنامے میں کل ***12*** سوالات ہیں جن کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(ii) **حصہ۔(الف)** : سوال نمبر ***1*** اور ***2***

(iii) **حصہ۔(ب)** : سوال نمبر ***3*** تا ***6***

(iv) **حصہ۔(ج)** : سوال نمبر ***7*** اور ***8***

(v) **حصہ۔(د)** : سوال نمبر ***9*** تا ***12***

(vi) ہدایات کے مطابق سوالات کے جواب لکھیے۔

(vii) جواب لکھنے سے پہلے سوال نمبر جوابی کاپی پر ضرور لکھیں۔

**General Instructions :**

(i) This Question Paper contains ***12*** questions and divided into ***4*** sections.

(ii) **Section - A** : Q. No. ***1*** and ***2***

(iii) **Section - B** : Q. No. ***3*** to ***6***

(iv) **Section - C** : Q. No. ***7*** and ***8***

(v) **Section - D** : Q. No. ***9*** to ***12***

(vi) Answer the questions as per the specific instructions.

(vii) Write Serial No. of question just before attempting its answer.

## حصہ-الف : عبارت فہمی اور شعر فہمی (20 نمبر)

## SECTION - A : Reading and Comprehension (20 Marks)

**1.** درج ذیل درسی نثری اور شعری اقتباسات کو غور سے پڑھیے اور ان سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیے۔

**(الف)** $5 \times 1 = 5$

یوں تو وزیر اپنی کار میں بیٹھا لوگوں سے گفتگو کر رہا ہے۔ لیکن بے چینی سے بار بار گھڑی دیکھ رہا ہے۔ کیوں کہ کسی غیر ملکی وفد سے ملنے کا وقت قریب آرہا ہے۔ اس کی سمجھ میں یہ نہیں آرہا ہے کہ آگے سے راستہ اس طرح بند کیوں ہو گیا ہے۔ اس کا ڈرائیور گھبرایا ہوا بار بار کار سے اترتا ہے، کچھ دور جاکر دیکھ کر آتا ہے اور پھر مایوس ہو کر گاڑی میں بیٹھ کر انتظار کرنے لگتا ہے وہ لوگ جو کار میں بیٹھے وزیر سے باتیں کر رہے ہیں، دل ہی دل میں خوش ہیں کہ راستہ بند ہونے کی وجہ سے کار کھڑی ہے، اور انھیں وزیر کے سامنے اپنی بات رکھنے کا پورا پورا موقع مل رہا ہے۔ کارخانے دار اور کاروباری سیٹھ البتہ کاروں کی گدیوں پر بیٹھے بے چین ہو رہے ہیں۔ ان کے لیے گذرے ہوئے پل کے معنی ہیں لاکھوں کا گھاٹا۔

(i) کار میں بیٹھا ہوا لوگوں سے کون گفتگو کر رہا ہے؟

(ii) ڈرائیور بار بار کار سے اتر کر کیا دیکھتا ہے؟

(iii) کار میں بیٹھے ہوئے لوگ دل ہی دل میں کیوں خوش ہیں؟

(iv) کاروباریوں کے لیے گذرے ہوئے پل کے کیا معنی ہیں؟

(v) درج بالا اقتباس کے مصنّف کا نام لکھیے؟

5×1=5

(ب)

کوئی پہاڑ یہ کہتا تھا اک گلہری سے
تجھے ہو شرم تو پانی میں جا کے ڈوب مرے

ذرا سی چیز ہے، اس پر غرور، کیا کہنا!
یہ عقل اور یہ سمجھ، یہ شعور، کیا کہنا !

خدا کی شان ہے، ناچیز، چیز بن بیٹھیں
جو بے شعور ہوں، یوں باتمیز بن بیٹھیں

تری بساط ہے کیا، میری شان کے آگے
زمیں ہے پست، مری آن بان کے آگے

جو بات مجھ میں ہے تجھ کو وہ ہے نصیب کہاں
بھلا پہاڑ کہاں ، جانور غریب کہاں

(i) اس نظم کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(ii) ذرا سی چیز کس کو کہا ہے؟

(iii) تیسرے شعر میں متضاد الفاظ تلاش کیجیے۔

(iv) پہاڑ کے آگے زمین کی کیا حیثیت ہے؟

(v) آن بان کے کیا معنی ہیں؟

**2.** مندرجہ ذیل غیر درسی نثری اور شعری اقتباسات کو غور سے پڑھیے اور ان پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیے۔

$5 \times 1 = 5$

**(الف)**

ہر ملک کی کچھ قومی نشانیاں ہوتی ہیں جیسے قومی جھنڈا، قومی ترانہ، قومی گیت، قومی پرندہ، قومی جانور، قومی پھول وغیرہ۔ اپنا قومی ترانہ 'جن گن من' تو آپ کو زبانی یاد ہوگا۔ اسے ہم راشٹر گان بھی کہتے ہیں۔ یہ ہمارے ملک ہندوستان کے تئیں وفاداری اور حب الوطنی کا گیت ہے، جسے سرکاری طور پر ملک کی شناخت کے اظہار کے طور پر گایا جاتا ہے اس کے لیے بصد احترام کھڑا ہونا قانوناً لازمی ہے۔ اس میں اپنے ملک کے لیے سچّی محبّت اور قدرتی لگاؤ کی جھلک صاف نظر آتی ہے۔ دراصل ملک سے محبّت ایک ایسا جذبہ ہے کہ اگر کوئی ملک سے باہر بھی کہیں چلا جائے تو زندگی بھر اپنے وطن کو کبھی نہیں بھولتا۔

(i) کسی بھی ملک کی قومی نشانیاں کیا کیا ہوتی ہیں؟

(ii) ''جن من گن'' کیا ہے؟

(iii) راشٹر گان کیوں گایا جاتا ہے؟

(iv) ہمارے قومی ترانے میں کس چیز کی جھلک نظر آتی ہے؟

(v) ملک سے محبّت کا جذبہ کیسا ہوتا ہے؟

*5×1=5* (ب)

دکھ سے یہاں کے گھبرانا کیا　　سکھ پہ یہاں کے اترانا کیا
عیش کی یاں مہلت ہے نہ غم کی　　سب یہ نمائش ہے کوئی دم کی
آتی جاتی چیز ہیں خوشیاں　　چلتی پھرتی چھاؤں ہیں ارماں
ہیں دو دن کے سب بہلاوے　　آگے چل کر ہیں پچھتاوے
ریت کی سی دیوار ہے دنیا　　اوچھے کا سا پیار ہے دنیا

(i) کہاں کے دکھ سے گھبرانا نہیں چاہیے؟

(ii) یہ سب نمائش کتنی دیر کی ہے؟

(iii) دنیا میں آتی جاتی کیا چیز ہے ؟

(iv) سب بہلاوے کتنی دیر کے ہیں؟

(v) شاعر نے دنیا کو کس کا پیار بتایا ہے؟

## حصہ۔ب : تحریری مہارت (25 نمبر)

## SECTION - B : Writing Skills (25 Marks)

**3.** **مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم سے کم 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔** *1×10=10*

(i) میرا اسکول

(ii) ہندوستان میں بے روزگاری کا مسئلہ

(iii) کسی کھیل یا میلہ کا آنکھوں دیکھا حال

**4.** (a) اپنے اسکول کے پرنسپل کو فیس معافی کی درخواست لکھیے۔ *1×5=5*

**یا (OR)**

(b) اپنے علاقے کی صفائی کے لیے ہیلتھ آفیسر کو خط لکھیے۔

**5.** (a) محمد مجیب پر 100 الفاظ میں مختصر نوٹ لکھیے۔ *1×5=5*

**یا (OR)**

(b) سبق رضیہ سلطان کا خلاصہ لکھیے۔

**6.** (a) ساحر لدھیانوی کی شاعری پر 100 الفاظ میں روشنی ڈالیے۔ *1×5=5*

**یا (OR)**

(b) نظم 'قدم بڑھاؤ دوستو!' کا خلاصہ لکھیے۔

## حصہ۔ج : عملی قواعد (20 نمبر)

## SECTION - C : Grammar (20 Marks)

**7.** مندرجہ ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کر کے لکھیے۔ *8×2=16*

(i) وہ فعل جس سے آنے والے زمانے میں کام کا ہونا پایا جائے وہ کیا کہلاتا ہے؟

(A) فعل ماضی (B) فعل مستقبل

(C) فعل حال (D) فعل لازم

(ii) وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو کیا کہلاتا ہے؟

(A) فعل مستقبل (B) فعل مجہول

(C) فعل معروف (D) فعل حال

(iii) مندرجہ ذیل الفاظ میں سے اندھیرے کا متضاد تلاش کر کے لکھیے۔

(A) جاگنا (B) دوڑنا

(C) روشنی (D) دوستی

(iv) مندرجہ ذیل الفاظ میں سے افواج کا واحد تلاش کر کے لکھیے۔

(A) رواج (B) داغ

(C) فوج (D) موج

(v) مندرجہ ذیل میں سے مذکّر تلاش کر کے لکھیے۔

(A) عالم (B) منزل

(C) بیگم (D) بیٹی

(vi) مندرجہ ذیل کس لفظ میں سابقے کا استعمال ہوا ہے؟ تلاش کر کے لکھیے۔

(A) برف خانہ (B) غم زدہ

(C) دولت مند (D) غیر ضروری

(vii) مندرجہ ذیل الفاظ میں سے جمع تلاش کر کے لکھیے۔

(A) خمیرہ (B) ذخیرہ

(C) ذرّات (D) خطرہ

(viii) جس لفظ سے کسی جگہ، شخص یا چیز کا نام ظاہر ہو، اُسے کیا کہتے ہیں؟

(A) محاورہ (B) اسم

(C) فاعل (D) مرکب

**8.** درج ذیل محاوروں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔ *4×1=4*

(i) بول بالا ہونا

(ii) آپے سے باہر ہونا

(iii) بغلیں جھانکنا

(iv) ہوا سے باتیں کرنا

## حصہ-د : ادب (15نمبر)

## SECTION - D : Literature (15 Marks)

**9.** درج ذیل سوالات کے جواب لکھیے۔ $3 \times 2 = 6$

(i) پیروں میں پہیے لگوانے سے بندو کی کیا مراد تھی ؟

(ii) آگ جلانا سیکھنے کے بعد انسانی زندگی میں کیا تبدیلی ہوئی ؟

(iii) بھیم راؤ امبیڈ کر کا سب سے اہم کارنامہ کیا ہے ؟

**10.** درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ $2 \times 1 = 2$

(i) تامل اور تیلگو کن لوگوں کی زبانیں ہیں ؟

(ii) امبیڈ کر کا پورا نام کیا تھا اور ان کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

**11.** درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ $2 \times 2 = 4$

(i) خدا کی قدرت کا کن باتوں سے پتا چلتا ہے ؟

(ii) نظم 'اے شریف انسانو!' میں شاعر نے جنگ کو امنِ عالم کو خون کیوں کہا ہے ؟

**12.** درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ $3 \times 1 = 3$

(i) 'نیکی اور بدی' کس شاعر کی نظم ہے؟

(ii) شعر مکمل کیجیے :

میں جو بولا کہا کہ یہ آواز

.......................

(iii) یہ شعر کس نظم کا ہے ؟

ہر ایک چیز سے پیدا خدا کی قدرت ہے
کوئی بڑا، کوئی چھوٹا یہ اس حکمت ہے